http://e.tashakurnews.com info@tashakurnews.com
facebook.com/tashakurnews twitter.com/RTashakur

اشاعت کے سلسلے کا 22 سال ABC Certified باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

کراچی، حیدرآباد، لاہور اور اسلام آباد میں بیک وقت پڑھا جانے والا روزنامہ

ہم ظلم مٹانے نکلے ہیں ⊙ آؤ ہمارے ساتھ چلو ⊙ ہم ارضِ وطن کے رکھوالے ہیں ⊙ آؤ ہمارے ساتھ چلو

REG # 12(2411)/22

روزنامہ تشکر کراچی نیوز

چیف ایڈیٹر سید علی منصور

جلد : 24 | 23 محرم الحرام 1448ھ | جمعرات 09 جولائی 2026ء (قیمت 15 روپے) | شمارہ : 030

بلوچستان میں 4 روز کے دوران 42 اہلکار اور شہری شہید ہوئے جب کہ جوابی کارروائیوں میں 54 دہشت مارے گئے

بلوچستان میں حملے بھارت کرا رہا ہے جسے پاکستان کی خوشحالی قبول نہیں، پاک فوج

گزشتہ 4 روز کے دوران بلوچستان میں دہشت گردی کے 3 واقعات ہوئے، پہلے واقعے میں 4 اور 5 جولائی کی رات فتنہ الخوارج نے مقامی عوام پر حملہ کیا، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری

راولپنڈی (نیوز رپورٹ) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ بلوچستان میں حملے بھارت کرا رہا ہے جسے پاکستان کی خوشحالی قبول نہیں، بلوچستان میں 4 روز کے دوران 42 اہلکار اور شہری شہید ہوئے جب کہ جوابی کارروائیوں میں 54 دہشت مارے گئے۔ ڈی جی نے اہم نیوز کانفرنس اور بلوچستان کی موجودہ سیکیورٹی صورت حال سے متعلق اپ ڈیٹ کیا، انہوں نے کہا کہ گزشتہ 4 روز (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 1)

ملک کی آبادی قابو میں کرنے کیلئے وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کی نگرانی میں کونسل تشکیل

وزیراعظم کی 100 میگاواٹ سولر منصوبے میں شفافیت ہدایت

اسلام آباد (نیوز رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف نے گلگت بلتستان کے لیے 100 میگاواٹ سولر منصوبے میں شفافیت اور بروقت تکمیل یقینی کی ہدایت کی ہے۔ گلگت بلتستان کے لیے 100 میگاواٹ شمسی توانائی منصوبے پر جائزہ اجلاس وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت منعقد ہوا، اس میں منصوبے پر پیشرفت اور آگے کا لائحہ عمل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ ماحول دوست، صاف، سستی اور پائیدار (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 2)

نیٹو امریکا کی حمایت میں میدان میں آگیا، ایران پر نئے حملوں کو ضروری اقدام قرار دے دیا

افقہ (مانیٹرنگ ڈیسک) نیٹو کے سیکرٹری جنرل مارک روٹے نے ایران پر امریکا کے حالیہ فضائی حملوں کی حمایت کرتے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 3)

سرحد پار سے ہونے والی دہشت گردی کو ریاست پوری قوت سے کچل دے گی

پاکستان کو غیر مستحکم کرنے کیلئے دشمن کی سازشوں سے آگاہ ہیں

فیلڈ مارشل

مسلح افواج خود کو جنگ کی نئی نوعیت میں ڈھال رہی ہیں، ملکی امن اور ترقی کو کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتا، جنگیں میڈیا کے شور یا سیاسی نعروں سے نہیں بلکہ ایمان، اتحاد اور نظم و ضبط سے جیتی جاتی ہیں، پاکستان کی آزمودہ کار مسلح افواج کی پیشہ ورانہ صلاحیت، بلند حوصلے اور آپریشنل تیاری پر مکمل اعتماد ہے، این ڈی یو میں خطاب

راولپنڈی (نیوز رپورٹ) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ پاکستان کو غیر مستحکم کرنے کیلئے دشمن خطاب کیا۔ فیلڈ مارشل نے کہا کہ جنگ کی نوعیت بدل چکی، پاکستان کی مسلح افواج بھی اپنی حکمت عملی ڈھال رہی ہیں، اور صلاحیتوں کو اسی مطابق ڈھال رہی ہیں، اسٹریٹیجک وضاحت اور ادارہ جاتی پیشہ ورانہ صلاحیت سول قیادت کو ہائبرڈ، روایتی اور غیر روایتی خطرات سے نمٹنے کے لیے تیار کر (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 4)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف 100 میگاواٹ سولر پروجیکٹ کے حوالے سے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

راولپنڈی: فیلڈ مارشل جنرل سید عاصم منیر نیشنل سیکیورٹی ایڈوائزرز کے گریجویٹنگ افسران سے خطاب کر رہے ہیں

بلوچستان میں فورسز کا آپریشن

فتنہ الہندوستان کے 19 دہشت گرد جہنم واصل 11 جوان شہید

بلوچستان میں این 25۔ پر جھاؤ کراس اور کرارو کے درمیان انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران وطن کے دفاع میں لڑتے ہوئے سیکیورٹی فورسز کے 11 بہادر سپوت

جام شہادت نوش کر گئے، عوام کی جان و مال، شاہراہوں کے تحفظ اور بلوچستان کے امن کو یرغمال بنانے کی ہر کوشش کا بھرپور جواب دیا جائے گا، سیکورٹی ذرائع

جام شہادت نوش کیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق مصدقہ اطلاعات کی بنیاد پر سیکیورٹی فورسز نے بلوچستان میں این 25۔ پر جھاؤ کراس اور کرارو کے درمیان انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا، جہاں فتنہ الہندوستان کے دہشتگرد روڈ بلاک کر کے مسافروں اور مقامی شہریوں سے بھتہ وصول کرنے میں مصروف تھے۔ سیکیورٹی فورسز کی بروقت کارروائی سے بھتہ وصول کرنے والے فتنہ الہندوستان کے 19 دہشت گرد جہنم واصل اور متعدد زخمی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 5)

کراچی سمیت ملک بھر کے صارفین کیلئے بجلی مزید مہنگی، نوٹیفکیشن جاری

ماہانہ ایڈجسٹمنٹ کا اطلاق کے۔الیکٹرک صارفین پر بھی ہوگا اور اضافے کا اطلاق رواں ماہ جولائی کے بلوں میں کیا جائے گا، سی پی پی اے نے مئی کی مذکورہ ایڈجسٹمنٹ میں 82 پیسے فی یونٹ کا اضافہ مانگا تھا، نیپرا نوٹیفکیشن

اسلام آباد (نیوز رپورٹ) نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) نے کراچی سمیت ملک بھر کے صارفین کے لیے بجلی مزید مہنگی کر دی اور فی یونٹ 34 پیسے کا اضافہ کر دیا۔ حکومت نے مالی سال کے پہلے ہی ماہ کراچی سمیت ملک بھر کے بجلی صارفین کے لیے بری خبر سنائی ہے اور (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 7)

شارجہ سے کراچی آنے والے لاپتا طیارے کا ملبہ مل گیا، عملے کے ارکان کی تلاش جاری

کراچی (رپورٹ سید محمد مرتوح) شارجہ سے کراچی آتے ہوئے گزشتہ شب اڑان بھرنے کے قریب حادثے کا شکار ہونے والے فلائی کار طیارے کا ملبہ مل گیا ہے جبکہ عملے کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 10)

امریکا کے ایران پر نئے حملوں کے بعد ڈالر مضبوط، عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں بھی اضافہ

نیویارک، ٹوکیو (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکا کی جانب سے ایران پر نئے فضائی حملوں کے بعد عالمی مالیاتی اور توانائی کی منڈیوں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 6)

ایران کیساتھ امن کی کوششوں کیلئے ٹرمپ کا پرعزم موقف متاثر کن ہے، ترک صدر

استنبول (مانیٹرنگ ڈیسک) ترک صدر رجب طیب اردوان نے کہا ہے کہ ایران کے ساتھ امن کی کوششوں کے لیے صدر ٹرمپ کا پرعزم موقف متاثر کن ہے۔ انہوں نے نیٹو کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ پوری اتحادی ممالک کو نیٹو کے دفاع میں زیادہ وسائل (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 8)

امریکا کو مدد دینے والے ملک کا ہر فوجی اڈہ نشانے پر ہوگا، ایران کی دھمکی

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران کی مسلح افواج نے سخت دھمکی جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ جو بھی ملک، فوجی اڈہ یا مقام امریکا کو ایران پر حملہ کرنے میں سہولت فراہم کرے گا، اسے ایرانی افواج کی جانب سے جائز ہدف تصور کیا جائے گا۔ ایرانی فوج کی جانب سے جاری بیان (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 9)

ٹرافی ایک دعویدار 8، فیفا ورلڈ کپ کی کوارٹر فائنل لائن اپ مکمل

ٹورنامنٹ پہلے ہی فکس تھا، مصری کھلاڑی ریفری کے متنازع فیصلے پر پھٹ پڑے

ٹرافی ایک دعویدار 8، فیفا ورلڈ کپ کی کوارٹر فائنل لائن اپ مکمل ہوگئی۔ ایک روز آرام کے بعد کوارٹر فائنل مقابلوں کا آغاز 10 جولائی سے ہوگا، پہلے کوارٹر فائنل میں فرانس کا مقابلہ مراکش سے جمعہ کو ہوگا۔ ہفتے کے روز اسپین اور انگلینڈ آمنے سامنے ہوں گے، جبکہ انوار کو دو دو چیمپ مقابلے کھیلے جائیں گے، جن میں ناروے کا سامنا انگلینڈ سے اور ارجنٹینا کا مقابلہ سوئٹزرلینڈ سے ہوگا۔ کوارٹر فائنل مرحلے میں پہنچنے والی تمام ٹیمیں عالمی ٹائٹل کے حصول کے لیے بھرپور مقابلے کی تیاریوں میں مصروف ہیں۔

فیفا ورلڈ کپ کے پری کوارٹر فائنل میں ارجنٹینا کے ہاتھوں شکست کے بعد مصری کھلاڑیوں، ٹیم کے کوچ اور سوشل میڈیا صارفین نے ریفری کے متعدد متنازع فیصلوں پر شدید ردعمل کا اظہار کیا ہے۔ میچ کے دوسرے ہاف میں مصر کا ایک اہم گول وی اے آر (VAR) کے جائزے کے بعد منسوخ کر دیا گیا۔ ریفری نے تقریباً 100 گز دور ہونے والے ایک مبینہ فاول کی بنیاد پر گول مسترد کیا، جس پر مصری کھلاڑیوں اور ٹیم انتظامیہ نے سخت احتجاج کیا۔ میچ کے آخری لمحات میں مصر کے کپتان محمد صلاح اور ارجنٹینا کے ایک کھلاڑی کے درمیان گیند پر مقابلے کے دوران صلاح گر گئے، تاہم ریفری نے فاول دینے سے گریز کیا۔ اس فیصلے پر سوشل میڈیا پر بھی شدید تنقید سامنے آئی اور صارفین نے ریفری کے فیصلے کو متنازع قرار دیا۔

اسی طرح ایک اور موقع پر بھی مصری کھلاڑی کو باکس کے اندر گرائے جانے کے باوجود نہ فاول دیا گیا اور نہ ہی پنالٹی کا فیصلہ کیا گیا، جس پر مصری شائقین اور مبصرین نے سخت ناراضی کا اظہار کیا۔ میچ میں ارجنٹینا نے دوسرے ہاف میں شاندار کم بیک کرتے ہوئے تین گول کیے اور مصر کو 2-3 سے شکست دے کر کوارٹر فائنل میں جگہ بنالی۔ شکست کے بعد مصر کے کھلاڑی مصطفیٰ زکو نے ریفری پر شدید تنقید کرتے ہوئے کہا، "ارجنٹینا کو ورلڈ کپ جیتنے پر مبارک ہو، ٹورنامنٹ پہلے ہی فکس تھا، انہیں مزید کسی چیز کی ضرورت نہیں تھی۔" انہوں نے مزید کہا، ریفری نے غیر جانبدارانہ فیصلے نہیں کیے اور ہمیں انصاف نہیں ملا۔

ایران اپنے حقوق کے دفاع میں کھڑا رہے، ایرانی صدر ایران کہہ اٹھا ہو یو ختم ہو چکا، جنگ بندی بھی ختم ہو گئی، امریکی صدر

امریکا کا ایران پر بڑا حملہ، 80 سے زائد اہداف تباہ کرنے کا دعویٰ، تیل کی پابندیاں بھی بحال کر دیں

ایران کے بحرین اور کویت میں امریکی فوجی اڈوں سمیت 85 اہداف پر میزائل اور ڈرون حملے

ایران اپنی خودمختاری اور قومی سلامتی کے خلاف کسی بھی کارروائی کا بھرپور جواب دینے کا حق محفوظ رکھتا ہے، ایرانی مواد اور مسلح افواج امریکی دباؤ کے سامنے نہیں جھکیں گے، مسعود پزشکیان

ایران نے کل جہازوں پر ڈرون حملے کیے، معاہدہ ایران کے جوہری ہتھیاروں کے آگے ایک دیوار ہے، ایرانی جھوٹ بولتے ہیں، انہوں نے دھوکا کیا، اوباما نے ایران کو قتم دی، ڈونلڈ ٹرمپ

تہران، واشنگٹن، دوحہ (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران کی پاسداران انقلاب نے دعویٰ کیا ہے کہ اس کی بحری اور فضائی افواج نے مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے بحرین اور کویت میں واقع امریکی فوجی تنصیبات سمیت کھوکھلی طور پر 85 اہداف کو میزائلوں اور ڈرونز سے نشانہ بنایا ہے۔ پاسداران انقلاب کی جانب سے جاری بیان کے مطابق حملوں میں بحرین میں قائم امریکی بحریہ کے فضیہ فلیٹ کے ہیڈکوارٹر اور کویت میں واقع علی السالم ایئربیس کو بھی ہدف بنایا گیا۔ ایرانی فوجی بیان میں کہا گیا ہے کہ یہ کارروائی عمل میں لائی گئی۔ پاسداران انقلاب کے اس حملے کو ابتدائی جواب قرار دیتے ہوئے کہا گیا کہ ایران اپنی خودمختاری اور قومی سلامتی کے خلاف کسی بھی کارروائی کا بھرپور جواب دینے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔ بیان میں یہ بھی کہا گیا کہ امریکا (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 11)

بھارت پر امریکی پابندیوں نے مودی کی خارجہ پالیسی پر سوالات اٹھا دیئے

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکہ۔ ایران جنگ بندی میں پاکستان کی ثالثی جبکہ بھارت پر امریکی پابندیوں نے مودی کی خارجہ پالیسی پر سوالات اٹھا دیے۔ امریکہ۔ تجزیہ فارن پالیسی کے مطابق بھارتی پالیسی سازوں نے امریکہ کی نظر میں چین کے مقابل بھارت کی اہمیت ختم ہونے کی نشاندہی کر دی۔ امریکی تجزیہ کار ایڈورڈ لوس کا کہنا تھا کہ آنے والی دہائیوں تک بھارت کیلئے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 13)

عراق کے شہر نجف میں شہید آیت اللہ خانہ ای کا جنازہ، لاکھوں افراد کی شرکت

مشہد (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران کے شہید رہبر اعلیٰ آیت اللہ سید علی خامنہ ای کی میت ایران سے عراق کے شہر نجف پہنچا دی گئی، نماز جنازہ اور تدفین میں لاکھوں افراد نے شرکت کی، جبکہ عراقی پاپولر موبلائزیشن فورسز (حشد الشعبی) نے دعویٰ کیا ہے کہ شرکا کی تعداد 23 لاکھ سے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 12)

نائب وزیراعظم اسحاق ڈار سے سعودی عرب کے پاکستان میں تعینات سفیر کی ملاقات

اسلام آباد (نیوز رپورٹ) ترجمان دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار سے سعودی عرب کے پاکستان میں سفیر عزت مآب نواف بن سعید اتھ المالکی نے ملاقات کی۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور سعودی سفیر کا اسلام آباد مذاکراتی یادداشت (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 14)

عبدالستار ایدھی قومی فخر اور انسانیت کی لازوال علامت ہیں، صدر زرداری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) صدر مملکت آصف علی زرداری نے بھی عبدالستار ایدھی کی دھوپ بری پر اپنے پیغام میں انہیں خدمت خلق اور انسانیت کی روشن مثال قرار دیا۔ صدر زرداری نے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 49)

پی ٹی آئی کا بلوچستان پارٹی الیکشن کا غرض سیاسی جماعتوں کا بات چیت کے ذریعے مسائل حل کرنے کا مطالبہ

ریاست مسئلے کے حل کا آغاز گولی سے کرتی ہے اور جبر مسئلے کا حل نہیں ہمیں بات کرنا ہوگی، سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی

بلوچستان میں قیموں، بیواؤں اور قبرستانوں میں اضافہ ہو رہا ہے، غربت اور بے روزگاری کی وجہ سے نوجوان ڈاکو بن رہے ہیں، مولانا شاکر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف کے زیر اہتمام بلوچستان پرآل پارٹیز کانفرنس ہوئی جس میں تمام سیاسی جماعتوں نے بلوچستان میں طاقت کا استعمال ترک کر کے بات چیت کے ذریعے مسائل حل کرنے، لاپتا افراد کی بازیابی، شفاف انتخابات، متاثرین افراد میں وسائل (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 47)

''والد ظلم کرتا تھا، اپنی مرضی سے شادی کی''، بڑی کی سکندھ ہائیکورٹ میں بیان

والدہ احاطہ عدالت میں بیٹیوں سے پلٹنے کی کوشش کرتا رہا لیکن لڑکیوں نے باپ سے ملنے سے انکار کر دیا

پرساعت کے دوران پولیس نے دونوں لڑکیوں کو عدالت میں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 46)

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ ہائیکورٹ کے آئینی بینچ میں کم عمر لڑکیوں کی بازیابی سے متعلق درخواست

سپر چیکنگ، کراچی بورڈ نے میٹرک سائنس کے نتائج 2 روز کیلئے روک دیئے

جب گزشتہ برس کے اعداد و شمار کرائے گئے تو اے ون گریڈ کی تعداد چند ہزار

زیادہ آئی جس کے بعد سپر چیکنگ کا فیصلہ کیا گیا، قائم مقام چیئرمین میٹرک بورڈ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ثانوی تعلیمی بورڈ کراچی نے میٹرک سائنس (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 44)

ایک ماہ میں شہری 1689 موبائل فونز سے محروم، 2419 موٹر سائیکلیں چوری

کراچی (رپورٹ بادون انصاری) کراچی میں جون 2026 کے دوران شہریوں سے 1689 موبائل فونز چھینے گئے اور مختلف وارداتوں میں دو ہزار 419 موٹر (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 41)

کراچی: صوبائی وزیر محنت و افرادی قوت سید عبدالقادر کی سیسی بورڈ کے اجلاس میں شریک ہیں

ایچ آئی وی متاثرہ بچوں کیلئے 2 ارب روپے کے انڈومنٹ فنڈ کا اعلان

37 اکاؤنٹس ایجنٹ پیشہ پکل ریٹ منسلک

ہم اس معاملے کی مکمل صاف و شفاف تحقیقات کر رہے ہیں اور اس کے ذمہ داران چاہے کوئی بھی ہوں، انہیں

کسی صورت رعایت نہیں ملے گی، اکتوبر 2025 میں جب اس کی پہلی خبر مجھے ملی، صوبائی وزیر کا اجلاس سے خطاب

کراچی (رپورٹ محمد لعیص) سندھ ایچ آئی وی سوسائٹی کے چیئرمین کورنگ (سیسی) کے بحث اجلاس کا سیکورٹی اسٹی ٹیوٹ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 40)

کراچی پولیس چیف سے موبائل اینڈ الیکٹرانک ڈیلرز ایسوسی ایشن کے وفد کی ملاقات

کراچی (رپورٹ عامر صابر) کراچی پولیس چیف ڈاکٹر امیر شیخ کی موبائل اینڈ الیکٹرانک ڈیلرز ایسوسی ایشن کے ایڈیشنل آئی جی کراچی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 39)

وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کا ضم اضلاع کا ٹیکس استثنیٰ ختم کرنے کے فیصلے پر نظر ثانی کیلئے وفاق کو خط

خیبر پختونخوا دہشت گردی کے خلاف جنگ میں فرنٹ لائن صوبے کے طور پر

بے مثال انسانی، معاشی اور انفراسٹرکچر نقصانات برداشت کر چکا ہے، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا

پشاور (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا نے وزیراعظم کو ضم اضلاع اور (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 38)

کراچی: ایڈیشنل آئی جی آزاد احمد خان سے موبائل اینڈ الیکٹرانک ڈیلرز ایسوسی ایشن کا وفد ملاقات کر رہا ہے

گل پلازہ جیسے سانحات کے باوجود صوبائی فارنزک لیب کا مضوبہ 5 سال سے تعطل کا شکار ہے ایم کیو ایم پاکستان

سانحہ گل پلازہ کمیشن کی رپورٹ پبلک کی جائے، فاروق ستار

رپورٹ میں ایسا کیا ہے جسے چھپایا جا رہا ہے؟ چاہتے ہیں کہ اگلی سماعت پر کیس کا فیصلہ سنایا جائے، افطار مشن کمیشن نے گیند عدالت کی کورٹ میں ڈال دی ہے،

گل پلازا میں 100 کے قریب لوگ جاں بحق ہوئے، سندھ حکومت نے جوڈیشل انکوائری کمیٹی بنا کر اپنے پاؤں پر کلہاڑی ماری ہے، سینئر رہنما ایم کیو ایم پاکستان

کراچی (رپورٹ فراز حسین) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے رہنما فاروق ستار نے کہا ہے کہ سانحہ گل پلازا فائر کمیشن کی رپورٹ پبلک کی جائے۔ کراچی میں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 17)

ضلع وسطی میں پولیس مقابلے، 2 رشتیں سمیت 3 ملزمان گرفتار

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈسٹرکٹ سینٹرل پولیس نے مختلف علاقوں میں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 48)

صوبائی وزیر لائیو اسٹاک محمد علی ملکانی کا کراچی پش بار کا ہنگامی دورہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر برائے لائیو اسٹاک اینڈ فشریز (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 16)

شہر قائد میں ایک اور شہری ڈکیتی مزاحمت پر قتل

رواں سال میں اب تک ڈکیتی مزاحمت پر مرنے والوں کی تعداد 41 تک پہنچ گئی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر قائد کے علاقے کورنگی میں افطار کا فائرنگ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 15)

بلیٹو: وفاقی وزیر اطلاعات محسن نقوی سے جنیٹی وزیر مملکت وفد کے ہمراہ ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان چین کے ساتھ سیکورٹی تعاون کو مزید آگے بڑھانا چاہتا ہے، محسن نقوی

بلیٹو (اینٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے اقوام متحدہ کے ہیڈ کوارٹر میں چین کے وزیر مملکت داخلہ سے ملاقات کی جس میں انسداد دہشت گردی کے تعاون اور (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 18)

توانائی کے موثر استعمال کی پالیسی پر عمل درآمد کیلئے صلاحیت بڑھائی جائیں

وزیر اعلیٰ سندھ

اجلاس میں سندھ بھر میں توانائی کی بچت کے فروغ کیلئے جامع حکمت عملی آگاہی اور تربیتی مہم شروع کرنے کی منظوری بھی دی گئی

ڈیجیٹل میڈیا، تعلیمی اداروں، صنعتوں اور سرکاری محکموں کے ذریعے توانائی کے استعمال کا شعور اجاگر کیا جائیگا، ذرائع

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کی زیر صدارت سندھ انرجی ایفیشنسی اینڈ کنزرویشن ایجنسی (ایس ایی ای اے) کے بورڈ کا پانچواں اجلاس ہوا، جس میں پرنسپل سیکریٹری آغا (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 19)

قتل کیس میں نامزد پولیس اہلکار نرنیم کمانڈو کو عدالت نے ضمانت دیدی

مقتول کو سہراب گوٹھ کے علاقے میں مسجد حنفیٹی نورخان سے باہر لاکر قتل کیا گیا تھا، مدعی مقدمہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) عدالت نے قتل کیس میں نامزد پولیس اہل کار نرنیم کمانڈو کو ضمانت دے دی۔ سندھ ہائیکورٹ میں قتل کیس میں نامزد پولیس اہلکار ولید اور اعرف نرنیم کمانڈو (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 20)

خیر پور میں زہریلا دودھ پینے سے 22 افراد بے ہوش، رپورٹ طلب

متاثرہ افراد کا تعلق شاہی بازار، بچل کالونی اور کچی آبادی سے ہے

اور انہیں فوری طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے، ذرائع

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے خیر پور میں مبینہ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 21)

کراچی بورڈ میں مبینہ کرپشن اور نتائج میں ردوبدل کے خلاف سندھ اسمبلی میں قرارداد جمع

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف پارلیمانی لیڈر سندھ اسمبلی محترمہ شہر قریشی نے کراچی بورڈ کے میٹرک امتحانات کے نتائج سے قبل مبینہ ڈسٹرکٹ سیکرٹری پولیس کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 23)

اتحاد ٹاؤن میں باپ کے مبینہ تشدد سے نوجوان بیٹا جاں بحق

نوجوان کی تدفین کی تیاریاں کی جا رہی تھیں، پولیس نے باپ کو بھائی سمیت گرفتار کر لیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) اتحاد ٹاؤن میں باپ کے مبینہ تشدد سے بیٹا جاں بحق ہو گیا، پولیس نے مقتول کے باپ کو بھائی سمیت گرفتار کر لیا۔ ترجمان ڈسٹرکٹ سیکرٹری پولیس کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 23)

ڈالمیا روڈ صائمہ اسکوائر کے فلیٹ میں آگ لگ گئی، جانی نقصان نہیں ہوا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈالمیا روڈ صائمہ اسکوائر کی فلیٹ میں آگ لگ گئی، فلیٹ کا قیمتی سامان مکمل طور پر جل گیا۔ ریسکیو حکام کے مطابق ڈالمیا روڈ سلیم ٹیم مال سے متصل صائمہ اسکوائر کی آٹھویں منزل کے فلیٹ میں آگ لگنے کی اطلاع پر فائر بریگیڈ اور ریسکیو 1122 (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 45)

گھر کے اندر فائرنگ سے ٹریفک پولیس افسر کی 17 سالہ بیٹی جاں بحق

ٹریفک پولیس کے ایس ایس آئی راحت کی 17 سالہ بیٹی ایلاف جاں بحق ہوگئی۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 24)

نشے کے عادی نوجوان نے اپنی ہی والدہ اور بہن کو مبینہ طور پر تشدد کا نشانہ بنا کر زخمی کر دیا

ماتمی (اسٹاف رپورٹر) ماتمی تعلقہ کے گاؤں معین نظامانی میں منشیات کے لیے رقم نہ دینے پر ایک مبینہ نشے کے عادی نوجوان نے اپنی ہی والدہ اور بہن کو مبینہ طور پر تشدد کا نشانہ بنا کر زخمی کر دیا اور موقع فرار ہو گیا۔ پولیس کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 25)

دھونس اور بلیک میلنگ کا دو ختم ہو چکا، محمد بارقالیباف کا امریکا کو دو ٹوک جواب

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران کے سینئر رہنما اور امریکا کے ساتھ ذمہ داری عمل میں اہم کردار ادا کرنے والے محمد باقر قالیباف نے امریکا پر ایران کے ساتھ بات چیت والی مفاہمتی یادداشت کی تکمیل خلاف ورزیوں کا الزام (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 43)

پریا کماری کیس میں نئی جے آئی ٹی کی تشکیل کیلئے آئی جی سندھ کو خط ارسال کر دیا گیا

کسمہ (اسٹاف رپورٹر) پریا کماری کیس میں نئی جے آئی ٹی کی تشکیل کیلئے آئی جی سندھ کو خط ارسال کر دیا گیا، پریا کماری 19 اگست 2021 سے لاپتا ہے۔ تفصیلات کے مطابق پریا کماری کے اغوا اور گمشدگی کیس میں اہم پیش رفت (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 42)

الرحیم شاپنگ سینٹر میں واقع حیدرآباد کے معروف حاجیانی ہسپتال کو بھی بدھ کو بند کر دیا گیا

حیدرآباد (اسٹاف رپورٹر) الرحیم شاپنگ سینٹر میں واقع حیدرآباد کے معروف حاجیانی ہسپتال کو بھی بدھ کو بند کر دیا گیا، ضلعی پولیس نے 24 گھنٹے میں ہسپتال خالی کرنے کا نوٹس جاری کیا تھا، شہریوں نے پولیس کے اس نادرا (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 27)

آزاد جموں و کشمیر کے غیور عوام نے کالعدم ایکشن کمیٹی کا ملک دشمن بیانیہ مسترد کر دیا

مظفر آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) آزاد جموں و کشمیر کے غیور عوام نے کالعدم ایکشن کمیٹی کے ملک دشمن بیانیے کو مسترد کر دیا۔ وادی نیلم کے شہریوں کا کہنا تھا کہ شٹرڈاؤن ہڑتال میں کھلے ڈپو کھلوانے کے دوران پرتشدد کارروائی

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے فلیش فلڈ کے اس واقعے میں کوئی جانی نقصان یا زخمی ہونے کا واقعہ پیش نہیں آیا، ریسکیو 1122

لوئر چترال میں فلیش فلڈ بروقت کارروائی سے 200 سے زائد مسافر ریسکیو

بارشوں کے باعث آنے والے فلیش فلڈ اور ملبے کے ریلے سے درجنوں شاہراہیں متاثر ہوئیں، جس کے نتیجے میں کئی مسافر گاڑیاں راستے میں پھنس گئیں، ترجمان

چترال (مانیٹرنگ ڈیسک) لوئر چترال میں ریسکیو 1122 نے فلیش فلڈ کے دوران بروقت کارروائی کرتے ہوئے 200 سے زائد مسافروں کو بحفاظت ریسکیو کر لیا۔ ترجمان کے مطابق شدید مون سون بارشوں کے باعث آنے والے فلیش فلڈ اور ملبے کے ریلے سے درجنوں شاہراہیں متاثر ہوئیں، جس کے نتیجے میں کئی مسافر گاڑیاں راستے میں پھنس گئیں۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 29)

کراچی: سینئر صوبائی وزیر شرجیل انعام میمن محکمہ ٹرانسپورٹ کے اجلاس میں شریک ہیں

گورنر سندھ کا انسان دوست رہنما عبدالستار ایدھی کی برسی پر انہیں شاندار خراج عقیدت

عبدالستار ایدھی کا مشن لاکھوں بے آسرا افراد کے لیے امید، تحفظ اور زندگی کا سہارا ثابت ہوا، جبکہ ایدھی جیسی عظیم شخصیات صدیوں میں جنم لیتی ہیں، نہال ہاشمی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے عظیم انسان دوست رہنما عبدالستار ایدھی کی برسی کے موقع پر انہیں شاندار خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 30)

سوزوکی ٹیکس کمپنی کے وفد کی ایم ڈی سندھ سالڈ ویسٹ سے ملاقات

کراچی میں صفائی کے لئے اے آئی مانیٹرنگ اور روبوٹک مشین کی تجاویز پر بریفنگ، کراچی کیلئے آبادی اور زمینی حقائق کے مطابق کسٹمائز منصوبہ تیار کیا جائے، ایم ڈی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈپٹی ڈائریکٹر سندھ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ بورڈ ذوالفقار سومرو نے سوزوکی ٹیکس انفورسمنٹ ایجنٹ کی ایک وفد سے ملاقات کی اس موقع پر سوزوکی ٹیکس (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 31)

2 غیر ملکی خواتین کے اغوا ریپ کیس میں اہم پیشرفت، رضا ڈار سمیت 4 ملزمان کے جسمانی ریمانڈ میں توسیع

میڈیکلوں کا مبینہ جرائم سے کوئی تعلق نہیں، پولیس کے اپنے ورژن کے مطابق یہ معاملہ ریپ یا اغوا کا نہیں بلکہ کرپٹو کرنسی کے تنازع سے متعلق تھا، ایڈووکیٹ سلمان شاہد

لاہور (بیورو رپورٹ) کینٹ کچہری لاہور میں 2 غیر ملکی خواتین سے زیادتی اور اغوا کے مقدمے کی سماعت ہوئی۔ دوران سماعت رضا ڈار سمیت 4 ملزمان کو جسمانی ریمانڈ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 35)

گلوکار طفیل خان سنجرانی کی طبیعت ناساز، اسپتال داخل

اہل خانہ نے مداحوں سے طفیل خان سنجرانی کی جلد صحت یابی کیلئے دعا کی اپیل کی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) بین الاقوامی شہرت یافتہ گلوکار طفیل خان سنجرانی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 36)

سندھ حکومت کا خصوصی ایکسکلیوسیو بس سروس شروع کرنے کا فیصلہ

کراچی میں جلد ماحول دوست اے سی ای سی سروس کا آغاز کیا جائے گا، جس سے شہری جدید، آرام دہ اور معیاری سفری سہولت سے مستفید ہوں گے، جبکہ ماحولیاتی آلودگی میں بھی نمایاں کمی آئے گی، سینئر صوبائی وزیر شرجیل انعام میمن

پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ ماڈل کے تحت مخصوص بس روٹس شروع کرنے اور (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 32)

آئی جی سندھ کی صنعت کاروں کو محفوظ کاروباری ماحول فراہم کرنے کی یقین دہانی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) انسپکٹر جنرل آف پولیس سندھ جاوید عالم اوڈھو نے بن قاسم ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری (BQAT) کا دورہ کیا۔ اس موقع پر چیئرمین (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 33)

نندو بگو پولیس نے مبینہ طور پر ہڑتی کی نیت سے موجود دو مسلح ملزمان کو گرفتار کر لیا

کراچی (رپورٹ ارشاد عالم) سندھ حکومت نے ہڑتی کی نیت سے موجود دو مسلح ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ کراچی (اسٹاف رپورٹر) نندو بگو پولیس نے کاروباری بائیکاٹ کے تحت مخصوص بس روٹس پر ہڑتی کی نیت سے موجود دو مسلح ملزمان کو گرفتار کر لیا، جنکے کے دو ساتھی فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ پولیس کے مطابق ایس ایچ او تھانہ نندو بگو کو انسپکٹر محمد انور لغاری نے پولیس ٹیم کے ہمراہ معمول کی گشت کے دوران نندو بگو۔ بدین روڈ پر کاروباری بائیکاٹ کے تحت کارروائی کی۔

نندو محمد خان میں دو موٹر سائیکلوں میں تصادم، تین افراد شدید زخمی

نندو محمد خان (اسٹاف رپورٹر) نندو محمد خان۔ ملوی شاہ کریکر روڈ پر ٹوبل پور کے قریب تیز رفتاری کے باعث دو موٹر سائیکلوں میں تصادم ہو گیا، جس کے نتیجے میں میر قمبر خاصخیلی، اعجاز اور سجاد علی لوہانی شدید زخمی ہو گئے۔ ریسکیو ہیلپروں اور مقامی افراد نے زخمیوں کو فوری طور پر سول اسپتال نندو محمد خان منتقل کیا، جہاں انکی امداد فراہم کی جا رہی ہے۔ پولیس نے واقعے کی تحقیقات شروع کر دی ہیں۔

پی آر آئی اسکیم کا خاتمہ، ترسیلات زر کے مستقبل پر سوالیہ نشان

کراچی: ایڈیشنل آئی جی کراچی پولیس ڈاکٹر امیر شیخ کی موبائل اینڈ الیکٹرانک ڈیلرز ایسوسی ایشن کے وفد سے ملاقات کر رہے ہیں

2009 میں بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی تعداد تقریباً 50 لاکھ تھی، جواب بڑھ کر ڈیڑھ کروڑ ہو چکی ہے، جبکہ ہر سال 5 سے 7 لاکھ پاکستانی روزگار کیلئے بیرون ملک جا رہے ہیں، ملک بوستان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) چیئرمین کیپٹیز ایسوسی ایشن آف پاکستان (ای کیپ) کے چیئرمین ملک محمد بوستان نے کہا ہے کہ حوالہ ہنڈی اور غیر قانونی کرنسی کاروبار کے خلاف جاری (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 37)



سندھ حکومت کا کام بچوں میں HIV کیسز پھیلانا ہے، منعم ظفر خان

پرائیویٹ اسپتالوں کو فنڈز جاری کیے جا رہے ہیں لیکن بدلیہ عظمیٰ کراچی کے سب سے بڑے اسپتال کو فنڈز نہیں مل رہے، عمیاں شہید اسپتال آپ سے نہیں چل رہا، امیر جماعت اسلامی کراچی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر کا کہنا (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 34)

کراچی: آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو نے بن قاسم ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری کے دورہ کے موقع پر صحافیوں سے خطاب کر رہے ہیں

روزنامہ تشکر کراچی نیوز
چیف ایڈیٹر پبلشر علی منصور
چیف ایڈیٹر پبلشر علی منصور اور ارض وطن گروپ نے محمدی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر سن رپوریڈیڈ بلڈنگ III-B-1/3، فرسٹ فلور آفس نمبر 103 ناظم آباد نمبر 3 سے شائع کیا۔
فون نمبر: 0324-9215059، roznamatashakur786@gmail.com

قائد کی شمع سے

کراچی بارشوں سے قبل SBCA کی کریک ڈاؤن مہم جنسی تیاریاں

خطرناک عمارتوں پر آگاہی مہم کا آغاز

بارشوں کے دوران کمزور اور بوسیدہ عمارتوں کے گرنے کے خدشات بڑھ جاتے ہیں، جس کے پیش نظر شہریوں میں احتیاطی تدابیر سے متعلق شعور اجاگر کرنا نہایت ضروری ہے، ڈی جی SBCA

کراچی (نمائندہ خصوصی) مون سون بارشوں کے پیش نظر سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی (ایس بی اے) نے ریٹن ایریجنسی کے حوالے سے اپنی تیاریاں مکمل کرتے ہوئے شہر بھر میں خطرناک عمارتوں سے متعلق خصوصی آگاہی مہم شروع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ڈائریکٹر جنرل سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی (ڈی جی SBCA) کے مطابق ماضی میں موجود خستہ حال اور خطرناک عمارتوں پر وارننگ بینرز آویزاں کیے جائیں گے، شکایت لائن اور 24 گھنٹے کے ذریعے اطلاعات بھی کیے جائیں گے تاکہ شہریوں کو بروقت خبردار کیا جا سکے۔ ڈی جی SBCA نے کہا کہ بارشوں کے دوران کئی عمارتیں کمزور ہو جاتی ہیں اور خطرناک عمارتوں پر وارننگ بینرز آویزاں کیے جائیں گے، شکایت لائن اور 24 گھنٹے کے ذریعے اطلاعات بھی کیے جائیں گے۔ ڈی جی SBCA نے کہا کہ بارشوں کے دوران کمزور اور بوسیدہ عمارتوں کے گرنے کے خدشات بڑھ جاتے ہیں، جس کے پیش نظر شہریوں میں احتیاطی تدابیر سے متعلق شعور اجاگر کرنا نہایت ضروری ہے۔ آگاہی مہم کے دوران افسران خطرناک عمارتوں کا معائنہ بھی کریں گے اور متعلقہ افراد کو حفاظتی اقدامات اختیار کرنے کی ہدایات دی جائیں گی۔ ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر وسیم مسعود علی نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی ہے کہ سومن شو کے دوران ریٹن ایریجنسی پلان پر مکمل عمل درآمد یقینی بنایا جائے اور کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے تمام فیلڈ ٹیمیں الرٹ رہیں۔ انہوں نے شہریوں سے بھی اپیل کی کہ خطرناک قرار دی گئی عمارتوں میں رہائش اختیار نہ کریں اور ایسی عمارتوں کے قریب غیر ضروری عمل و حرکت سے گریز کریں۔ ایس بی اے کا کہنا ہے کہ اس آگاہی مہم کا مقصد انسانی جانوں کا تحفظ، بارشوں کے دوران ممکنہ حادثات کی روک تھام اور شہریوں میں حفاظتی شعور کو فروغ دینا ہے۔

بلال کالونی پولیس کی ٹیکنیکل بنیادوں پر بڑی کارروائی، ''واسو گینگ'' کے 2 اہم ملزمان گرفتار

کراچی (کرائم رپورٹر) ایس ایس پی ڈسٹرکٹ سینٹرل ڈاکٹر محمد عمران خان کی ہدایت پر تھانہ بلال کالونی پولیس نے ٹیکنیکل بنیادوں پر کامیاب کارروائی کرتے ہوئے اسٹریٹ کرائم میں ملوث بدنام زمانہ ''واسو گینگ'' کے دو اہم ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزمان کی شناخت اسامہ عرف بندر اور بابر عرف علی کے ناموں سے ہوئی ہے۔ پولیس نے ملزمان کے قبضے سے وارداتوں میں استعمال ہونے والے 30 بور کے 2 پسٹل، ڈکیتی میں استعمال ہونے والی موٹر سائیکل، چھیننے گئے 9 موبائل فون، وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسٹول بیگ اور قومی کال نمبر قرار دیا ہے۔ گرفتار ملزمان نے تھانہ بلال کالونی کی حدود سیکٹر D-5 میں 30 سالہ شہری سید فیصل کو گن پوائنٹ پر لوٹنے کی واردات کا انکشاف کیا ہے۔ اس واردات کا مقدمہ اقدام نمبر 393/2026 بجرم دفعات 392/ 397/34 تھانہ بلال کالونی میں درج ہے۔

اس مقدمے میں چھینا گیا موبائل فون، واردات میں استعمال ہونے والا اسٹول اور قومی کال نمبر کے قبضے سے برآمد کر لی گئی ہے۔ ابتدائی تفتیش کے دوران ملزمان نے ڈکیتی اور چھیننا جھپٹی کی درجنوں وارداتوں میں ملوث ہونے کا اعتراف کیا ہے۔ ملزمان کا ''واسو گینگ'' جیسے افراد پر مشتمل ہے جو بلال کالونی کی سرحدوں میں کافی عرصے سے سرگرم تھا اور مختلف علاقوں میں شہریوں کو اسلحے کے زور پر لوٹنے کی متعدد وارداتوں میں ملوث رہا ہے۔ پولیس نے گرفتار ملزمان کی مختلف وارداتوں کی سی سی ٹی وی فوٹیج بھی حاصل کر لی ہے، جنکہ برآمد ہونے والے موبائل فون کو بارکوڈ کیا جا رہا ہے، جسے گرفتار ملزمان اس سے قبل بھی گرفتار ہو کر جیل جا چکے ہیں اور ان کا سابقہ کرمنل ریکارڈ بھی حاصل کیا گیا ہے، جس کی روشنی میں مزید قانونی کارروائی عمل میں لائی جا رہی ہے۔ ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے مزید تفتیش کا آغاز کر دیا گیا ہے، جنکہ گینگ کے دیگر مفرور ساتھیوں کی گرفتاری، ان کے سہولت کاروں کی نشاندہی اور مزید وارداتوں کی تفصیلات حاصل کرنے کے لیے چھاپہ مار کارروائیاں جاری ہیں۔

کراچی کی کٹی پہاڑی کو سرسبز و شاداب بنانے کا خواب جلد پورا ہوگا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی کی تاریخی دھوپ میں شہر کے ماحول کو بہتر بنانے کیلئے کچھ نوجوان کی پہاڑی پر پنج سے اور اسے خوبصورت بنانے کے ارادے سے اپنے ساتھ لے کر ہیں دیکھ کر سچ پوچھ پہاڑی پر چلے گئے۔ کھیر دے، جنبش، بس اسی سوچ کے ساتھ میں نے یہاں پر کیکر کے پودے لگانے کا فیصلہ کیا اور اپنے ارادے سے نوجوان دوستوں کو آگاہ کیا جس پر سب خوش ہوئے، اور اس مقصد کو ہم کو پورا کرنا ہوگئے۔ اتوار 5 جولائی کو شجر ہر سراج بال افسر سندھ کے لیم اور اپنے کچھ ساتھیوں کے ہمراہ کٹی پہاڑی پر پہنچے اور انہوں نے گروڑوں کی تعداد میں کیکر کے سچ پہاڑ کے مختلف حصوں پر بکھیرنا شروع کر دیے، ان کی یہ کوشش دیکھ کر پہنچے ہوئے اہل محلہ بھی وہاں جمع ہوگئے اور علاقے کے معززین و بچوں نے بھی اس نیک کام میں مصروف ان کا ساتھ دیا بلکہ اپنی جانب سے عمل قانون کرنے کی یقین دہانی بھی کروائی۔ شہروز سراج کا کہنا تھا کہ ہم سون کی آمد سے قبل ہم نے کروڑوں سچ پہاڑ پر بکھیر دیے ہیں، بارش برستے ہی یہ سچ بہت جلد پودوں کی شکل میں یہاں نظر آئیں گے اور آئندہ برسوں میں جب یہاں پر کیکر کے درخت کھڑے نظر آئیں گے تو لوگ یہاں پر سیر و تفریح کیلئے بھی آئیں گے۔ کراچی کی کٹی پہاڑی کو سرسبز و شاداب بنانے کا خواب جلد پورا ہوگا جس سے مقامی لوگوں کو روزگار کا حاصل کرنے کا موقع بھی میسر آئے گا، کیونکہ کیکر تیزی سے بڑھتا ہے اور اس کی لکڑی بہت مضبوط ہوتی ہے، اس کے تنے کا رنگ سیاہی مائل گہرا ہوا ہوتا ہے۔

گارڈن ہیڈ کوارٹر ساوتھ میں پولیس ملازمین اور اہل خانہ کے لیے فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ایڈیشنل آئی جی کراچی آزاد خان کی ہدایت پر گارڈن ہیڈ کوارٹر ساتھ میں پولیس ملازمین اور ان کے اہل خانہ کے لیے فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔ یونائیٹڈ ہسپتال کے تعاون سے منعقدہ اس کیمپ میں پولیس افسران و جوانوں کی کیمیکل و کلینیکل سہولیات فراہم کی گئیں۔ کیمپ میں منعقد طبی معائنے، کارڈیالوجسٹ کنسلٹینٹ، ای سی جی، سی بی سی اور آر پی ایس ٹیسٹ کیے گئے۔ ڈی آئی جی ساتھ اسد رضا، ایس پی ہیڈ کوارٹر اور دیگر افسران نے میڈیکل کیمپ کا دورہ کیا اور پولیس حکام نے یونائیٹڈ ہسپتال کے نمائندوں سے میڈیکل کیمپ کے حوالے سے ملاقات کی۔ ویلفیئر برانچ کراچی پولیس کے زیر اہتمام فری میڈیکل کیمپ میں بڑی تعداد میں پولیس ملازمین نے استفادہ کیا۔



تھانہ ماڈل کالونی پولیس کی کارروائی، ہوائی فائرنگ کرنے والا ملزم گرفتار

کراچی (کرائم رپورٹر) ایسٹ زون کے تھانہ ماڈل کالونی پولیس نے دوران گشت مبران ڈپو شیف نمبر 1 میں کارروائی کرتے ہوئے ہوائی فائرنگ کرکے عوام میں خوف و ہراس پھیلانے والے ایک ملزم کو موقع سے گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزم کی شناخت بلال محمد شاہد ولد یونیسر کے نام سے ہوئی ہے۔ پولیس نے ملزم کے قبضے سے ایک عدد 222 بور رائفل، ایک عدد 9 ایم ایم پسٹل، 10 عدد زندہ راؤنڈز، دونوں تھیلوں کے انسٹرومنٹ اور جائے وقوعہ سے 17 عدد فائرشدہ خول برآمد کر لیے۔ ملزم کے خلاف مقدمہ اقدام نمبر 337-H(ii) کی پی سی اور 24 آرمز ایکٹ کے تحت درج کر لیا گیا ہے۔

موبائل فون اسنیچنگ اور موٹر سائیکل چوری میں تشویشناک اضافہ ہوگیا، بی پی ایل سی کی رپورٹ

کراچی (کرائم رپورٹر) سٹی پولیس لینڈ ریکارڈ سیل) بی پی ایل سی (۔۔۔ ماہ جون 2026 کے حوالے سے جون میں 101 گاڑیاں چوری جبکہ 8 گاڑیاں چھین لی گئیں۔ قتل کے 40 واقعات رپورٹ ہوئے جبکہ ڈکیتی کے 9 مقدمات رپورٹ ہوئے۔ اغوا برائے تاوان کے مطابق شہر بھر میں موبائل فون اسنیچنگ اور موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں کی تشویشناک اضافہ سی پی ایل اس کا اعتراف کیا گیا ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق جون 2026 میں شہر بھر سے 1,689 موبائل فون چھینے گئے کے واقعات رپورٹ ہوئے، جس کے مطابق یہ کوئی سامنے نہ آیا اور بیٹ ڈکیتی کی کوئی واقعہ بھی رپورٹ نہیں ہوا۔ سی پی ایل سی کے مطابق اسٹریٹ کرائم پر مستوشریوں کے لیے بنایا جیسے اور شہریوں سے لوٹ مار اور موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں تشویشناک اضافہ قرار ہے۔

CRIME STATISTICS
01-JUNE TO 30-JUNE 2026

S.No.	CRIME	COUNT
1	4 WHEELERS SNATCHED	8
2	4 WHEELERS THEFT	101
3	2 WHEELERS SNATCHED	374
4	2 WHEELERS THEFT	2,419
5	MOBILE PHONE SNATCHED	1,689
6	KIDNAPPING FOR RANSOM	0
7	EXTORTION	9
8	HOMICIDE	40
9	BANK ROBBERY / DACOITY	0

NOTE: ONE OF NINE CRIMES IS REPORTED EVERY DAY

روزانہ اوسطاً 56 سے زائد موبائل فون چھینے گئے۔ اسی دوران 2,419 موٹر سائیکلیں چوری ہوئیں جبکہ 374 موٹر سائیکلیں اسلحے کے زور پر چھینی گئیں، یعنی روزانہ اوسطاً 80 سے زائد موٹر سائیکلیں چوری یا چھینی گئیں۔ گاڑیوں کی چوری کے بارشوں کے دوران کمزور اور بوسیدہ عمارتوں کے گرنے کے خدشات بڑھ جاتے ہیں، جس کے پیش نظر شہریوں میں احتیاطی تدابیر سے متعلق شعور اجاگر کرنا نہایت ضروری ہے۔ آگاہی مہم کے دوران افسران خطرناک عمارتوں کا معائنہ بھی کریں گے اور متعلقہ افراد کو حفاظتی اقدامات اختیار کرنے کی ہدایات دی گئیں۔ ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر وسیم مسعود علی نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی ہے کہ سومن شو کے دوران ریٹن ایریجنسی پلان پر مکمل عمل درآمد یقینی بنایا جائے اور کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے تمام فیلڈ ٹیمیں الرٹ رہیں۔ انہوں نے شہریوں سے بھی اپیل کی کہ خطرناک قرار دی گئی عمارتوں میں رہائش اختیار نہ کریں اور ایسی عمارتوں کے قریب غیر ضروری عمل و حرکت سے گریز کریں۔ ایس بی اے کا کہنا ہے کہ اس آگاہی مہم کا مقصد انسانی جانوں کا تحفظ، بارشوں کے دوران ممکنہ حادثات کی روک تھام اور شہریوں میں حفاظتی شعور کو فروغ دینا ہے۔

جانیں بچانے والے پیرامیڈکس قوم کا فخر ہیں، مشیر وزیر اعلیٰ سندھ گیانچند ایسرانی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مشیر وزیر اعلیٰ سندھ برائے صحت گیانچند ایسرانی نے عالمی یوم پیرا میڈیکس کے موقع پر سندھ ایمرجنسی ریسکیو سروس 1122 اور موبائل ہیلتھ ایڈ ڈائگناسٹک سروس سندھ اور بلگھی طبی خدمات سے وابستہ تمام پیرا میڈیکل عملے کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ اپنے پیغام میں گیانچند ایسرانی نے کہا کہ پیرا میڈیکس کی بھی خدمات کے ساتھ انجام دے رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ محروم الحرام، بارشوں، سیلابی صورتحال، سڑک حادثات اور دیگر ہنگامی صورتحال میں پیرا میڈیکس کی خدمات قابل ستائش ہیں اور ہم اپنی جان و مال کے تحفظ میں ان کا کردار قابل فراموش ہے۔ مشیر وزیر اعلیٰ سندھ نے موبائل ہیلتھ ایڈ ڈائگناسٹک سروس سندھ کے پیرا میڈیکل عملے کی خدمات کو بھی سراہتے ہوئے کہا کہ یہ ادارہ دور دراز، پسماندہ اور صحت کی بنیادی سہولیات سے محروم علاقوں میں عوام کو ان کی دہلیز پر مفت خدمات فراہم کر رہا ہے۔ موبائل ہیلتھ یونٹس میں خدمات انجام دینے والے پیرا میڈیکس، بجلی سموتحال میں انسانی جانوں کو بچانے میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں اور ان کی خدمات معاشرے کے لیے انتہائی قابل قدر ہیں۔ ریسکیو 1122 سندھ کے پیرا میڈیکس اور ایمرجنسی میڈیکل ٹیکنیشن صوبے بھر میں بلگھی صورتحال کے دوران متاثرین کو فوری طبی امداد فراہم کرتے ہیں۔ حادثات کی جگہ پر ابتدائی طبی امداد کی فراہمی، مریضوں کی حالت کو مستحکم بنانا اور انہیں بروقت اسپتال منتقل کرنا ایک نہایت ذمہ دارانہ اور پیشہ ورانہ کام ہے جسے رسکیو 1122 کا عملہ انتہائی مہارت اور جذبے

بلگھی صورتحال میں انسانی جانوں کو بچانے میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں اور ان کی خدمات معاشرے کے لیے انتہائی قابل قدر ہیں۔ ریسکیو 1122 سندھ کے پیرا میڈیکس اور ایمرجنسی میڈیکل ٹیکنیشن صوبے بھر میں بلگھی صورتحال کے دوران متاثرین کو فوری طبی امداد فراہم کرتے ہیں۔ حادثات کی جگہ پر ابتدائی طبی امداد کی فراہمی، مریضوں کی حالت کو مستحکم بنانا اور انہیں بروقت اسپتال منتقل کرنا ایک نہایت ذمہ دارانہ اور پیشہ ورانہ کام ہے جسے رسکیو 1122 کا عملہ انتہائی مہارت اور جذبے

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن جناح ٹاؤن کا مالی سال 27-2026 کا بجٹ متفقہ طور پر منظور

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ٹاؤن میونسپل کارپوریشن جناح ٹاؤن کا پنج تھا بجٹ اجلاس چیئرمین جناح ٹاؤن رضوان عبدالحیم شیخ کی زیر صدارت ٹاؤن کونسل ہال میں منعقد ہوا، جس میں مالی سال 27-2026 کا 2,768,549,55 روپے (دو ارب، چھ سو کروڑ، پچاسی لاکھ، انچاس ہزار پانچ سو چالیس روپے) کا بجٹ تفصیلی غور و خوض کے بعد متفقہ طور پر منظور کر لیا گیا۔ اجلاس کا آغاز تلاوت کلام پاک، حمد باری تعالیٰ، نعت رسول مقبول ﷺ اور حدیث مبارکہ سے کیا گیا۔ اس موقع پر ملک و قوم کی سلامتی، امن، ترقی، خوشحالی اور جناح ٹاؤن کی مزید تعمیر و ترقی کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی، جس کے بعد اجلاس کی باقاعدہ کارروائی شروع ہوئی۔ اجلاس میں وائس چیئرمین محمد فواز خان، میونسپل کمشنر رئیس الٰہی بخش قمبھن، ٹاؤن کونسل کے معزز اراکین اور متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ بجٹ اجلاس کے دوران مالی سال 27-2026 کے مجوزہ تخمینوں پر تفصیلی بحث، مشاورت اور متفقہ تجاویز کا جائزہ لیا گیا، جس کے نتیجے میں متفقہ طور پر بجٹ کی منظوری دے دی۔ منظور شدہ بجٹ میں عوامی فلاح و بہبود کو اولین ترجیح دیتے ہوئے تعلیم، صحت، سڑکوں کی تعمیر و بحالی، نکاسی آب کے نظام کی بہتری، صفائی ستھرائی، اسٹریٹ لائٹس، پارکس کی تزئین و آرائش، ماحول کی بہتری اور شہری بنیادی سہولیات کے لیے خطیر فنڈز مختص کیے گئے ہیں، تاکہ جناح ٹاؤن کی تمام یونین کونسلوں میں جاری اور نئے ترقیاتی منصوبوں پر تیزی سے عملدرآمد یقینی بنایا جا سکے اور شہریوں کو معیاری، جدید اور دیرپا بلدیاتی سہولیات فراہم کی جا سکیں۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے چیئرمین جناح ٹاؤن رضوان عبدالحیم شیخ نے کہا کہ مالی سال 27-2026 کا بجٹ عوامی ضروریات، منتخب نمائندوں کی مشاورت، شفاف تعمیراتی منصوبوں اور خزانہ کی ترقی کے اصولوں کو مدنظر رکھتے ہوئے مرتب کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جناح ٹاؤن کو ایک جدید، منظم، صاف ستھرا اور مثالی بلدیاتی ادارہ بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ ڈیجیٹل ٹیکس سسٹم کے متعلق، مؤثر اور پائیدار حل کے لیے کئی اقدامات کا سلسلہ مرحلہ وار کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ بجٹ میں منتخب ہر فنڈ عوام کی امانت ہے، جسے عمل شفافیت، دیانت داری، میرٹ اور احتساب کے اصولوں کے مطابق صرف عوامی فلاح، ترقیاتی منصوبوں اور شہری سہولیات کی بہتری پر خرچ کیا جائے گا تاکہ جناح ٹاؤن کے ہر علاقے میں یکساں ترقی اور عوام کو ان کی دہلیز پر بہتر بلدیاتی خدمات کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔ اجلاس کے اختتام پر جناح ٹاؤن کونسل نے ایک ہی نشست میں مالی سال 27-2026 کے بجٹ کی متفقہ منظوری پر اطمینان کا اظہار کیا۔

ڈسٹرکٹ ایسٹ پولیس کی کارروائیاں، موبائل اسنیچر اور گنگا ماوا فروش ملزمان گرفتار

کراچی (کرائم رپورٹر) ڈسٹرکٹ ایسٹ کے تھانہ جمشید کوارٹرز پولیس نے موبائل فون اسنیچنگ کے مقدمے میں ملوث مفرور ملزم کو گرفتار کر لیا ہے۔ ملزم جمشید کوارٹرز کے مقدمہ اقدام نمبر 143/26 بجرم دفعہ 397/34 تعزیرات پاکستان میں مفرور تھا۔ پولیس کرنے سے ایسی اسپورٹس پیکنگ کے قریب کارروائی کرتے ہوئے ملزم شبیر حسن نبیرا کو گرفتار کیا۔ پولیس نے گرفتار ملزم سے ایک عدد غیر قانونی اسلحہ، ایمپیشن اور چھینے ہوئے دو موبائل فون برآمد کیے۔ ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق ملزم جمشید کوارٹرز کے علاقے میں موجود خستہ حال اور خطرناک عمارتوں پر وارننگ بینرز آویزاں کیے جائیں گے، شکایت لائن اور 24 گھنٹے کے ذریعے اطلاعات بھی کیے جائیں گے۔ ڈی جی SBCA نے کہا کہ بارشوں کے دوران کمزور اور بوسیدہ عمارتوں کے گرنے کے خدشات بڑھ جاتے ہیں، جس کے پیش نظر شہریوں میں احتیاطی تدابیر سے متعلق شعور اجاگر کرنا نہایت ضروری ہے۔ آگاہی مہم کے دوران افسران خطرناک عمارتوں کا معائنہ بھی کریں گے اور متعلقہ افراد کو حفاظتی اقدامات اختیار کرنے کی ہدایات دی گئیں۔ ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر وسیم مسعود علی نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی ہے کہ سومن شو کے دوران ریٹن ایریجنسی پلان پر مکمل عمل درآمد یقینی بنایا جائے اور کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے تمام فیلڈ ٹیمیں الرٹ رہیں۔ انہوں نے شہریوں سے بھی اپیل کی کہ خطرناک قرار دی گئی عمارتوں میں رہائش اختیار نہ کریں اور ایسی عمارتوں کے قریب غیر ضروری عمل و حرکت سے گریز کریں۔ ایس بی اے کا کہنا ہے کہ اس آگاہی مہم کا مقصد انسانی جانوں کا تحفظ، بارشوں کے دوران ممکنہ حادثات کی روک تھام اور شہریوں میں حفاظتی شعور کو فروغ دینا ہے۔

واٹر کارپوریشن کی آمدنی میں تاریخی اضافہ، ریونیو کلیکشن 26.6 فیصد بڑھ گئی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی واٹر اینڈ سیوریج کارپوریشن نے مالی سال 2025-26 کے دوران ریونیو کلیکشن میں تاریخی اضافہ ریکارڈ کرتے ہوئے گزشتہ مالی سال کے مقابلے میں 26.6 فیصد زیادہ آمدنی حاصل کر لی۔ ترجمان واٹر کارپوریشن کے مطابق اپنی مالی سال 2025-26 کے دوران مجموعی طور پر 27 ارب 3 کروڑ 14 لاکھ روپے سے زائد ریونیو وصول کیا، جبکہ مالی سال 2024-25 میں وصولیوں کا حجم 21 ارب 48 کروڑ 95 لاکھ روپے رہا تھا۔ ترجمان نے بتایا کہ ایک سال کے دوران ریونیو وصولیوں میں نمایاں اضافہ واٹر کے مالی محکمے کو ہوا، جدید بلنگ سسٹم، ریکوری میکانزم میں بہتری اور صارفین کے تعاون کا اضافہ اس کامیابی کا اہم سبب بنا۔ ترجمان کے مطابق بلنگ نظام کی ڈیجیٹلائزیشن، ریکوری کے عمل میں بہتری اور صارفین کو سہولیات کی فراہمی کے باعث ادارے کی آمدنی میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ ریونیو کلیکشن میں یہ بہتری واٹر کارپوریشن کو مالی کی فراہمی اور سیوریج نظام کی بہتری، انفراسٹرکچر کی بحالی، آپریشنل استعداد میں اضافے اور جاری ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل میں معاون ثابت ہوئی۔ واٹر کارپوریشن نے اس کامیابی پر صارفین، صنعتی و تجارتی اداروں اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا ہے کہ بروقت بلوں کی ادائیگی اور قانون کے باعث ادارہ مالی استحکام کی جانب تیزی سے گامزن ہے۔ ادارہ آئندہ بھی شفافیت، احتساب اور بہتر شہری خدمات کی فراہمی کے لیے اپنی اصلاحاتی پالیسیوں پر عمل جاری رکھے گا۔

کراچی میں فراہمی آب کا نظام بہتر بنانے کیلئے ہنگامی اقدامات کیے جائیں، بلال عباس قادری

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان سنی تحریک کے مرکزی صدر صاحبزادہ علامہ بلال عباس قادری نے کہا ہے کہ شہر قائد میں فراہمی آب کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے حکومت کو فوری موثر اور دیرپا اقدامات کرنا ہوں گے۔ کراچی جیسے بڑے شہر میں لاکھوں شہری روزانہ پانی کی قلت کا سامنا کر رہے ہیں، جس کی بنیادی وجوہات بوسیدہ آبی لائنیں، بجلی کے بار بار بریک ڈاؤن، ناقص منصوبہ بندی اور متعلقہ اداروں کی غفلت ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی ملک کے شہری پانی کی بوند بوند کو ترس جائے تب۔ پانی کی ٹینکر بلنڈی مافیا کے سامنے بے بس ہو جائے، اس سے شہریوں کو صاف اور دارالحکومت کی فراہمی حکومت کی اولین ذمہ داری ہے۔ عوام کو بنیادی سہولیات فراہم کیے بغیر ترقی کے دھوکے حقیقت کا روپ اختیار نہیں کر سکتے۔ انہوں نے وفاقی اور صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا کہ پانی کے بحران کے مستقل حل کے لیے تمام متعلقہ اداروں کو فعال بنایا جائے اور شہریوں کو اس بنیادی سہولت سے نجات دلانے کے لیے فوری عملی اقدامات کیے جائیں۔

کراچی میں HRMIS کے حوالے سے دو روزہ تربیتی سیشن کا آغاز

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ایڈیشنل آئی جی کراچی آزاد خان کی ہدایت پر کراچی پولیس کے انتظامی سسٹم کے مؤثر استعمال، آپریشنل امور اور ریکارڈ مینجمنٹ کی عملی تربیت دی جا رہی ہے۔ اس اقدام کا مقصد پولیس افسران و اہلکاروں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافہ اور جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے انتظامی نظام کو مزید بہتر بنانا ہے۔ آج آر ایم ٹی ایس کے تربیتی ہال میں منعقدہ سیشن کے دوران انتظامی امور کو جدید خطوط پر استوار کیا جا رہا ہے۔ کراچی پولیس اور عملہ کارکردگی کے لیے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال بڑھا رہی ہے۔ تربیتی سیشن کے پہلے روز شرکا کے سسٹم سے متعلق بنیادی امور، ریکارڈ مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم سے متعلق دو روزہ تربیتی سیشن شروع کر دیا گیا ہے۔ تربیتی سیشن میں شیٹ فلگر کس HRMIS انچارج اور آپریٹرز کو مفید قرار دیا اور اس سے سیکھنے کو بہتر بتایا گیا۔

اسپیشل انویسٹی گیشن یونٹ کی کارروائی، خطرناک بھتہ خور رئیس لودھی گرفتار

کراچی (کرائم رپورٹر) اسپیشل انویسٹی گیشن یونٹ (SIU) اور سی آئی اے کراچی کی جانب سے کارروائی کرتے ہوئے مطلوب خطرناک بھتہ خور رئیس لودھی کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق ملزم نو کراچی میں دو مختلف تاجروں سے بھتہ طور پر 25 لاکھ روپے بھتہ طلب کرنے اور جان سے مارنے کی دھمکیوں کے مقدمات میں مطلوب تھا۔ گرفتار ملزم کا ایک ساتھی محمد زاہد پہلے ہی گرفتار کیا جا چکا ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ملزم سے مزید اہم انکشافات کے لیے تفتیش جاری ہے۔

شوبز نیوز

جب بھی شادی کرونگا تو فخر سے اعلان کرونگا، آغا علی

کراچی (شوبز نیوز) پاکستانی اداکار آغا علی نے کہا ہے کہ وہ جب بھی شادی کریں تو اس کا اعلان فخر سے کریں گے۔ پاکستان شوبز انڈسٹری سے تعلق رکھنے والے اداکار آغا علی نے اپنی شادی سے متعلق اپ کشائی کی ہے۔ حال ہی میں آغا علی نے ایک نجی ٹی وی کو انٹرویو دیا جس میں انہوں نے انڈسٹری اور ذاتی زندگی سمیت مختلف موضوعات پر گفتگو کی۔ میزبان نیاز الاف کے شادی سے متعلق سوال پر اپنی ذاتی زندگی کو شیئر کرنے کے حوالے سے سوال کیا جس کے جواب میں اداکار علی نے کہا کہ میں کسی کے ساتھ اپنے تعلق کو منظر عام پر لانے کے حق میں نہیں ہوں کیونکہ اس تعلق میں آپ اکیلے نہیں ہوتے، دوسرا شخص بھی شامل ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا ہمارا رشتہ ابھی ابتدائی مراحل میں ہے۔ ذہین طاہر نے خاطر گرلی چاہتی، دب سکے میری شادی ہوئی میں اس کا طرح سے اعلان ضرور کروں گا۔ اداکار نے اپنے تعلق کو خفی رکھنے کی وجہ بتاتے ہوئے مزید کہا کہ ریکارڈ کرنے کے حوالے سے ہمارے ساتھ کوئی ایسا نہیں ہوا جو ہمیں کسی کے سامنے لے جائے اور

روزنامہ تشکر 1

تاہم چیز نے 32 پیسے کا اضافہ کر دیا ہے۔

روزنامہ تشکر 8

دراری اضافی چاہیے۔ اردوان نے کہا ہے کہ ایران جنگ کے دوران انصاف اضافی وفاقی تھاون پر امریکا، اعتبار، شیخ مجیب سے، 6 جاری ہے اور ہم کسی صدر کا کہنا ہے کہ ہمیں جرمنی دہشت گردی کے خاتمے تھوڑا ہے۔

روزنامہ تشکر 9

میں کہا کیا کہ ایران کی خودمختاری اور سرزمین کی خلاف ورزی میں امریکی فوج کی کسی بھی صورت کا کہنا ہے کہ ہوا اس میں طوسے ہر متوسط کو ایک نہیں بتایا سکتا ہے۔ یہاں تک کہ آپ کا جارح اس طرح کی ہوا کہ ایران کی خودمختاری اور علاقی سلیت خلاف ورزی میں فراہم کی جانے والی جرم کی مذاقت ایران اسکے اور اسکے ایک جارحانہ ہے۔ یہ یہاں تک ہے ساتھ اپنے دہشت ہے ایران اور امریکا کے درمیان علاقہ فوجی ہوا کی ہوا کی ہوا ک